سوال

(716) گھر کے ہر فرد کی طرف سے قربانی کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے قربانی کے لئے دس بقرے خریدے ہیں، ایک اپنے لیے، دوسرا اپنی بیوی اور بیٹی، امی اور چھوٹے بھائی کے لیے، کیا اس طرح سے کرنا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگرچہ ایک جانور ہی تمام گھر والوں کی طرف سے کفایت کر جاتا ہے، لیکن اگر اللہ نے وسعت اور گنجائش دی ہو تو ہر فرد کی طرف سے بھی قربانی کی جا سکتی ہے، ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، بلکہ کثرت ثواب کا باعث ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد 2